# اُردو(الف)

## مادرِ ملت

**سوال: محترمہ فاطمہ جناح کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟**

جواب: محترمہ فاطمہ جناح 31 جولائی 1893ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔

**سوال: محترمہ فاطمہ جناح کس مقصد کے تحت قائدِ اعظم کے ساتھ لندن گئی تھیں؟**

جواب: محترمہ فاطمہ جناح گول میز کانفرنس میں شرکت کے لیے قائدِ اعظم کے ساتھ لندن گئی تھیں۔

**سوال: محترمہ فاطمہ جناح نے اپنی ساری زندگی کس بات کے لیے وقف کردی؟**

جواب: محترمہ فاطمہ جناح نے اپنی ساری زندگی قومی مفادات کے لیے وقف کردی۔

**سوال: محترمہ فاطمہ جناح نے کس پلیٹ فارم سے تعلیمی خدمات کا سلسلہ جاری کیا؟**

جواب: محترمہ فاطمہ جناح نے اپوا کے پلیٹ فارم سے تعلیمی خدمات کا سلسلہ جاری کیا۔

**سوال: محترمہ فاطمہ جناح کی کون سی خدمات آبِ زر سے لکھنے کے لائق ہیں؟**

جواب: مہاجرین کی آبادکاری اور کشمیری مہاجرین کی دستگیری میں ان کی خدمات آبِ زر سے لکھنے کے لائق ہیں۔

**سوال: آپ کو کہاں دفن کیا گیا؟**

جواب: آپ کو قائدِ اعظم کے مزار کے احاطے میں سپردِ خاک کیا گیا۔

**سوال نمبر4: درست جواب کی نشاندہی کریں:**

(الف) ii (ب) iii (ج) i (د) iv (ہ) iv

(و) iii

**سوال نمبر9: متن کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مناسب لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:**

(الف) باپ (ب) طالب علمی (د) مادرِ ملت (ج) آبِ زر (ہ) عملی سیاست

(و) بیماری

**سوال نمبر12: درج ذیل بیانات میں سے درست اور غلط کی نشاندہی کریں:**

(الف) غلط (ب) درست (ج) غلط (د) درست (ہ) غلط

**سوال: تحریکِ پاکستان میں فاطمہ جناح کی خدمات پر پیراگراف لکھیے۔**

جواب: محترمہ فاطمہ جناح 31 جولائی 1893ء کو کراچی میں پیدا ہوئیں۔ وہ سیاست میں قائدِ اعظم کی معتمد ساتھی اور تحریکِ پاکستان میں ان کی معاون و مشیر رہیں۔ فاطمہ جناح اعلیٰ تعلیم یافتہ، نہایت دوراندیش اور جرات مند خاتون تھیں۔ انہوں نے مسلم خواتین کو بیدار کرنے اور انھیں ایک سیاسی پلیٹ فارم پر متحد کرنے میں نہایت اہم کردار ادا کیا۔

تعلیم نسواں کے لیے بھی محترمہ فاطمہ جناح کی خدمات سے انکار ممکن نہیں۔ انہوں نے اپوا کے پلیٹ فارم سے تعلیمی خدمات کا ایک سلسلہ جاری کیا۔ وہ اپوا کی سرپرست رہیں قیامِ پاکستان کے فوراً بعد پیدا ہونے والے مسائل کے حل میں وہ عملاً شریک کار رہیں۔ خاص طور پر مہاجرین کی آبادکاری اور کشمیری مہاجرین کی دست گیری میں ان کی خدمات آبِ زر سے لکھنے کے لائق ہیں۔

**مرکب جملوں کو سادہ جملوں میں تبدیل کریں:**

**س: میں یہی کہوں گا کہ محنت کرو۔**

ج: میں تمھیں محنت کرنے کا کہوں گا۔

**س: تم آتے بھی ہو اور جاتے بھی ہو۔**

ج: تم آتے جاتے ہو۔

**س: تم جو آؤ تو بہار آجائے۔**

ج: تمہارے آنے سے بہار آجاتی ہے۔

**س: وہ وعدے تو بہت کرتا ہے مگر یاد نہیں رکھتا۔**

ج: وہ وعدے کر کے یاد نہیں رکھتا۔

## ملکہ کوہسار۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔مری

**سوالات کے جواب دیں:**

**سوال: مری میں کن مہینوں میں شدید سردی پڑتی ہے؟**

**جواب:** مری میں دسمبر سے مارچ تک شدید سردی پڑتی ہے۔

**سوال: راولپنڈی سے مری کتنی مسافت پر واقع ہے؟**

**جواب:** راولپنڈی سے مری تقریباً ایک ڈیڑھ گھنٹے کی مسافت پر واقع ہے۔

**سوال: پاکستان کے مختلف علاقوں کے لوگ کب مری کا رخ کرتے ہیں؟**

**جواب:** پاکستان کے مختلف علاقوں کے لوگ گرمی پڑتے ہی مری کا رخ کرتے ہیں۔

**سوال: مری سطح سمندر سے کتنی بلندی پر واقع ہے؟**

**جواب:** مری سمندر کی سطح سے قریباً ساڑھے سات ہزار فٹ کی بلندی پر واقع ہے۔

**سوال: مری میں برقی قمقموں کی روشنی میں کیسا محسوس ہوتا ہے؟**

**جواب:** مری میں برقی قمقموں کی روشنی میں یوں محسوس ہوتا ہے جیسے آسمان سے تارے زمین پر اتر آتے ہیں۔

**سوال: مری کے لوگوں نے انگریزوں کے خلاف کون سی جنگ لڑی؟**

**جواب:** مری کے لوگوں نے انگریزوں کے خلاف گوریلا جنگ لڑی۔

**سوال: انگریزوں کو مری میں قدم جمانے کا موقع کب میسر آیا؟**

جواب: برصغیر پاک وہند میں 1857ء کی جنگِ آزادی میں مسلمانوں کو ناکامی ہوئی تو انگریزوں کو مری میں قدم جمانے کا موقع میسر آیا۔

**سوال: مری کے راستے میں کون سے درخت ہیں؟**

جواب: مری کے راستے میں چیڑ اور صنوبر کے درخت ہیں۔

**سوال نمبر2: درست جواب کی نشاندہی کریں:**

(الف) ii (ب) iv (ج) iv (د) iii (ہ) iv

(و) iii (ز) iv

**سوال نمبر7: درست اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں:**

(الف) غلط (ب) درست (ج) غلط (د) غلط (ہ) درست

**سوال: ملکہ کوہسار مری کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ایک پیراگراف میں جواب لکھیے۔**

جواب: مری پنجاب کا تاریخی مقام ہے۔ یہ ضلع راولپنڈی میں شامل ہے۔ یہاں اپریل سے نومبر تک بہت اچھا موسم رہتا ہے۔ دسمبر سے مارچ تک مری میں یخ بستہ موسم کا راج ہوتا ہے۔ سردیوں میں بھی یہاں خوب رونق ہوتی ہے دلفریب خوبصورتی اور دلکش نظاروں کی وجہ سے مری کو ''ملکہ کوہسار'' کہا جاتا ہے۔

مری پاکستان بھر کے پر فضا پہاڑی مقامات میں سے نہایت معروف اور خوبصورت سیر گاہ ہے۔ نیو مری میں چیئر لفٹ اور کیبل کار سیاحوں کی دلچسپی کا محور ہیں۔ یہ انگریزی دور میں انگریز بچوں کے لیے اور قیامِ پاکستان کے بعد پاکستانی بچوں کے لیے تعلیم و تربیت کا اہم مرکز ہے۔ سیاح یہاں آکر خالقِ کائنات کی پیدا کردہ ان خوبصورت نشانیوں اور دلفریب مناظر سے اپنے دلوں کو لُبھاتے ہیں۔

## اشتہارات ''ضرورت نہیں ہے'' کہ

**سوالات کے جواب دیں:**

**سوال: میر صاحب کے نوکر میں کیا خوبی تھی؟**

جواب: میر صاحب کے نوکر میں یہ خوبی تھی کہ وہ دوراندیش تھا۔

**سوال: بزرگ نے اپنے نوکر کو کیا لینے بھیجا تھا؟**

جواب: بزرگ نے اپنے نوکر کو حکیم صاحب کو لانے کے لیے بھیجا تھا۔

**سوال: آقا پر کس چیز کا حملہ ہوا؟**

جواب: آقا پر بخار کا حملہ ہوا تھا۔

**سوال: سبق میں موجود اشتہارات کے عنوانات کیا ہیں؟**

جواب: سبق میں موجود اشتہارات کے عنوانات درج ذیل ہیں:

(i) کرائے کے لیے خالی نہیں ہے۔ (ii) اطلاع عام۔

(iii) ضرورت نہیں ہے۔ (iv) عدم ضرورت رشتہ۔

(v) داخلے جاری نہ رکھیے۔

**سوال: ''اطلاع عام'' میں کریانہ مرچنٹ کا نام کیا تھا؟**

**جواب:** ''اطلاع عام'' میں کریانہ مرچنٹ کا نام ''محمد دین ولد فتح دین'' تھا۔

**سوال: عدم ضرورتِ رشتہ کا کیا مطلب ہے؟**

**جواب:** عدم ضرورتِ رشتہ کا مطلب ہے '' رشتہ کی ضرورت نہیں ہے''۔

**سوال: پنجابی نوجوان کو رشتے کی ضرورت کیوں نہ تھی؟**

**جواب:** پنجابی نوجوان کو رشتے کی ضرورت اس لیے نہیں تھی کیونکہ کہ وہ پہلے سے شادی شدہ تھا۔

**سوال: کس شہر کے کالج داخلے کے لیے اشتہارات دے رہے تھے؟**

**جواب:** کراچی کے کالج داخلے کے لیے اشتہارات دے رہے تھے۔

**سوال: گورکن اور غسّال کیا کام کرتے تھے؟**

**جواب:** گورکن قبر کھودتا ہے اور غسّال مردہ کو غسل دیتا ہے۔

**سوال نمبر5: درست جواب کی نشاندہی (✓) سے کریں۔**

(الف) iv (ب) iii (ج) ii (د) iv (ہ) iii

**سوال نمبر5: درج ذیل الفاظ کے متلازم الفاظ لکھیں۔**

**گھر:** صوفہ۔ کرسی۔ کمرے۔ باورچی خانہ وغیرہ

**سکول:** کرسی۔ سفید بورڈ۔ مارکر۔ پنکھا۔ کمرہ جماعت وغیرہ

**بستہ:** کتاب۔ کاپی۔ پنسل۔ ربڑ۔ شارپنر۔ ڈائری وغیرہ

**مسجد:** جائے نماز۔ سپیکر۔ نمازی۔ امام صاحب۔ تسبیح۔ قرآن پاک وغیرہ

**ہسپتال:** مریض۔ ڈاکٹر۔ فرنیچر۔ ادویات۔ انجیکشن وغیرہ

## یومِ دفاع

**سوالات کے جواب دیں:**

**سوال: یومِ دفاع کیوں منایا جاتا ہے؟**

**جواب:** ستمبر 1965ء کی ایک اندھیری رات میں ہندوستان نے پاکستان پر حملہ کر دیا لیکن پاکستان کی بہادر اور جری فوج نے دشمن کے چھکے چھڑا دیئے۔ یومِ دفاع، پاکستانی فوج کے اس کارنامے کی یاد تازہ کرنے کے لیے منایا جاتا ہے۔

**سوال: لاہور میں یومِ دفاع کی تقریب کہاں منعقد ہوتی ہے؟**

جواب: لاہور میں یومِ دفاع کی تقریب فورٹریس سٹیڈیم میں منعقد کی جاتی ہے۔

**سوال: فضا کس چیز سے گونج رہی تھی؟**

جواب: فضا لاؤڈ اسپیکر پر نشر ہونے والے ترانوں سے گونج رہی تھی۔

**سوال: تقریب کا باقاعدہ آغاز کیسے ہوا؟**

جواب: تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ قرآن پاک سے ہوا۔

**سوال: تلاوت اور نعت کے بعد کیا پڑھا گیا؟**

جواب: تلاوت اور نعت کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا۔

**سوال: ناظرین نے فوجی جوانوں کا کس طرح دادِ تحسین دی؟**

جواب: ناظرین نے فوجی جوانوں کو جوش سے تالیاں بجا کر دادِ تحسین دی۔

**سوال نمبر5: درست جواب کی نشاندہی (✓) سے کریں:**

(الف) iii (ب) ii (ج) iii (د) ii

**سوال: یومِ دفاع کی اہمیت پر ایک پیرا گراف لکھیں۔**

جواب: یومِ دفاع 6 ستمبر کو منایا جاتا ہے۔ ستمبر 1965ء کی ایک اندھیری رات میں ہندوستان نے پاکستان پر حملہ کر دیا۔ لیکن پاکستان کی بہادر اور بری فوج نے دشمن کے چھکے چھڑا دیئے۔ سترہ روز جاری رہنے والی اس جنگ میں ہندوستان کا جنگی جنون سر د پڑ گیا اور اس نے اقوامِ متحدہ میں گڑ گڑا کر فوری طور پر جنگ بندی کی درخواست پیش کر دی۔ یومِ دفاع' پاکستانی فوج کے اس کارنامے کی یاد تازہ کرنے کے لیے منایا جاتا ہے اور یہ دن ہر سال لاہور کے فورٹریس سٹیڈیم میں منعقد کی جاتی ہے خدا کے فضل سے ہم نے اپنے دفاع کے لیے بابر، غوری، غزنوی، بدر اور حتف میزائل بنا رکھے ہیں۔ ہمیں اپنے بہادر افواج پر فخر ہے اگر دشمن نے کبھی وطن عزیز کو میلی آنکھ سے دیکھا تو اسے نیست و نابود کر دیا جائے گا۔

## گل صنوبر کی کہانی

**سوالات کے جواب دیں:**

**سوال: محسن پور کے آس پاس کے علاقوں میں کون سی وباء پھیلی ہوئی تھی؟**

جواب: محسن پور کے آس پاس کے علاقوں میں طاعون کی وباء پھیلی ہوئی تھی۔

**سوال: گل اور صنوبر کا آپس میں کیا رشتہ تھا اور وہ ظہیرہ کے گھر کیوں گئے؟**

جواب: گل اور صنوبر میں بہن بھائی کا رشتہ تھا اور وہ کھانا کھانے کے لیے ظہیرہ کے گھر گئے تھے۔

**سوال: ظہیرہ اپنے گناہ کا کفارہ کیسے ادا کرنا چاہتی تھی؟**

جواب: ظہیرہ اپنے گناہ کا کفارہ گل کو آزاد کر کے کرنا چاہتی تھی۔

**سوال:** **صنوبر ہاتھ میں خنجر لے کر کس کو قتل کرنے آئی تھی۔**

**جواب:** صنوبر ہاتھ میں خنجر لے کر ظہیرہ کو قتل کرنے آئی تھی۔

**سوال:** **نصیر کون تھا اور اس کی حالت کیوں خراب ہوتی جا رہی تھی؟**

**جواب:** نصیر ظہیرہ کا بڑا لڑکا تھا جسے سانپ نے کاٹ لیا تھا اور زہر کے اثر سے اس کی حالت خراب ہوتی جا رہی تھی۔

**سوال:** **اس کہانی میں کس قوم کی خودداری اور غیرت بیان کی گئی ہے؟**

**جواب:** اس کہانی میں بلوچ قوم کی خودداری اور غیرت بیان کی گئی ہے۔

**سوال:** **ظہیرہ کے بیٹے نصیر کی جان کس نے اور کیوں بچائی؟**

**جواب:** صنوبر نے نصیر کی جان بچائی۔ اسے معلوم تھا کہ اس علاقے میں ایک پودا ایسا ہے کہ اس کا عرق مار گزیدہ کے منہ میں ٹپکایا جائے تو زہر کا اثر زائل ہو جاتا ہے۔ تھوڑی سی تلاش کے بعد وہ پودا مل گیا وہ تیزی سے اس کی پتیاں توڑ کر لے آئی اور ان کا عرق نچوڑ کر نصیر کے منہ میں ٹپکا دیا۔ عرق کے قطرے نصیر کے منہ میں پڑے تو اس نے فوراً آنکھیں کھول دیں۔

**سوال نمبر 4:** **درست جواب کی نشاندہی (✓) سے کریں:**

(الف) ii (ب) iii (ج) iv (د) iii (ہ) iv

**سوال نمبر 9:** **درست اور غلط بیانات کی نشاندہی کریں:**

(الف) غلط (ب) درست (ج) درست (د) غلط (ہ) غلط

(و) درست (ز) غلط (ح) درست

**سوال نمبر 11:** **مندرجہ ذیل جملوں کو درست کریں:**

(الف) لندن سے تار آئی ہے۔
لندن سے تار آیا ہے۔

(ب) دو روپے کی دہی لاؤ۔
دو روپے کا دہی لاؤ۔

(ج) میں نے ایک خواب دیکھی۔
میں نے ایک خواب دیکھا۔

(د) جھاگ بیٹھ جائے گی۔
جھاگ بیٹھ جائے گا۔

## شیخ سعدیؒ کے اقوال

**سوالات کے جواب دیں:**

**سوال:** **شیخ سعدیؒ کا اصل نام کیا تھا؟**

**جواب:** شیخ سعدیؒ کا اصل نام شرف الدین تھا۔

**سوال:** **شیخ سعدیؒ کو کس لقب سے یاد کیا جاتا ہے؟**

**جواب:** شیخ سعدیؒ کو ''حکیم مشرق'' کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

**سوال:** انھیں حکیم مشرق کے علاوہ اور کیا کہا جاتا ہے؟

**جواب:** انھیں حکیم مشرق کے علاوہ ''معلمِ اخلاق'' بھی کہا جاتا ہے۔

**سوال:** انہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ کس کام میں گزارا؟

**جواب:** انہوں نے اپنی زندگی کا بیشتر حصہ سیر و سیاحت میں گزارا۔

**سوال:** شیخ سعدیؒ کی نظم و نثر کی دو کتابوں کے نام بتائیں۔

**جواب:** شیخ سعدیؒ کی نظم و نثر کی دو کتابوں کے مندرجہ ذیل نام ہیں:

(الف) بوستان (ب) گلستان

**سوال نمبر6:** درست جواب کی نشاندہی (✓) سے کریں:

(الف) ii (ب) iii (ج) iv (د) i (ہ) ii

(و) iv

**سوال نمبر8:** مناسب لفظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

(الف) زندگی (ب) مشعل (ج) بے فائدہ (د) مردار (ہ) احسان

**سوال نمبر9:** درج ذیل الفاظ کے متلازم الفاظ لکھیں:

**بادل:** بارش۔ پانی۔ طوفان وغیرہ

**بازار:** دکان۔ ریڑھی۔ پھل۔ سبزی۔ کپڑے وغیرہ

**جنگ:** فوج۔ بندوق۔ توپ گولہ۔ ٹینک۔ طیارہ۔ خون۔ زخمی۔ شہید۔ غازی وغیرہ۔

**پہاڑ:** چٹانیں۔ اونچائی۔ پتھر۔ برف۔ ٹیلے وغیرہ۔

**شادی:** دلہا۔ دلہن۔ باراتی۔ بینڈ باجا۔ مہندی وغیرہ۔

**Note:** Urdu (A) work given above will be done on Urdu (A) school copy. (learn also)

# اردو (ب)

اردو (ب) کا کام پہلی سہ ماہی کے سلیبس کے مطابق کلاس ورک کی کاپی پر لکھنا اور یاد کرنا ہے۔

**Note:** Urdu (B) work will be done on Urdu (B) school copy accordingly. (learn also)

**نوٹ:** اردو (الف اور ب) کا کام سکول کی کاپی پر لکھنا اور یاد کرنا ہے۔